کاردار پروڈکشن کا بہترین نایاب شاہکار

شاہجہاں

ڈائرکٹر اے آر کاردار

گانے و خلاصہ

قیمت ایک آنہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

شیام........سروپ........ثریا.....مالا
شاردا.........جمنا.........شیام سندر.....جیوتی

خلاصہ۔ محبت کی نہیں جاتی بلکہ ہو جاتی ہے۔ یہ کہاوت آپنے کئی بار سنی ہوگی۔ ہمارا افسانہ بھی اس بنیاد پر ایک نئی عمارت ہے۔ سروپ گاؤں کا خوبصورت نوجوان جب اپنی بنسری کو ہونٹوں سے لگاتا تو لوگوں کے دل ناچنے لگتے۔ سچ کہتے ہیں بانسری میں جادو ہے۔ مگر سروپ کی بھابی کا دل کبھی بھی بانسری سے رام نہ ہوا۔ بھابی دیور کے جھگڑے نے یہاں تک طول کھینچا کہ سروپ کو گاؤں سے نکل جانا پڑا۔ آگے پردہ پر۔

دل لگی کے لئے گانے

مرلی والے مرلی بجا سُن کے مرلی کو ناچے جیا۔ مرلی والے
دور کے آج میرا ڈولے ہے من۔ جانے نہ بیتا ہو رہیہ سے جن
کیسے چھپاؤں ہائے دل کی لگن
موسم پیارا ٹھنڈی ہوا دل میں اس کے جادو جگا۔ مرلی والے
مرلی نے تیری دجیا لاگا تیرے انکھ میں تو ہے ہیں اب کوئی غم
او منی والے تجھے میری قسم

مجھ سنا دے وہ دھن ذرا رم جھم ساون کی برسے گھٹا۔ مرلی والا

(۲)

لیکے دل چپکے سے کیا مجبور ہائے کیا محبت کا ہی یہی دستور ہائے
آنکھوں ہی آنکھوں میں نہ جانے کیا گھات ہوئی
باتوں ہی باتوں میں نہ جانے کیا بات ہوئی
دل دے جو دل کہو مجھے منظور ہائے
زندگی تم سے ہے میرے تم دل میں رہو
روشنی تم سے ہے میری دُنیا میں رہو
شمع پروانے سے رہے کیوں دور ہائے۔

(۳)

میری پیاری پتنگ چلی بادل کے سنگ ذرا دھیرے دھیرے
ذرا ہونے دے ڈھیل دے ڈھیل ہوری سکھی
ہائے وہ کاٹا۔ وہ کاٹا۔ دیکھو جی۔ دیکھو جی
رکے دلیں اُمنگ بھرا الفت۔ ذرا دھیرے......
دے ڈھیل۔ دے ڈھیل ہوری سکھی
ہائے وہ کاٹا۔ وہ کاٹا۔ دیکھو جی۔ دیکھو جی
مست جوانی دیکھ پکاریں دو نیناں متوالے
ہے کوئی ایسا دل والا جو ہم سے پیچ لڑائے
دیکھو پتنگ ہوری گنگا کے پار چلی لیکے سندیشہ مورا ساجن کے دوار

پنچھی سے چھین لیا اڑنے کا ڈھنگ۔ ذرا دھیرے دھیرے
ذرا ہولے ہولے۔ ہائے نہ کاٹنا وہ کاٹا دیکھو جی۔ دیکھو جی
دو نینوں کے پیچ لڑے اک جیتا اور اک ہارا
پیار نے جس دم لی انگڑائی دل نے کہا وہ مارا
کیا یہ پیچ پڑا مانجھے کی دھار گئی
ایسے میں آجا مورے ساجن میں ہار گئی
ٹوٹے نہ ڈور کہیں چھوٹے نہ سنگ۔ ذرا دھیرے دھیرے
ہائے نہ کاٹنا وہ کاٹا

(۴)

دنیا کیا جانے میرا افسانہ۔ کیوں گائے دل الفت کا ترانہ
نیند نہ آئے دل سمیں ہنسے تم ہو کہیں تو پیا میں ہوں کہیں
اڑ سا جینوا رے۔ او بالموا رے
چاندنی راتیں اور یہ سماں۔ رت بھی اونچی دل بھی جوان
میں بھی دل والی تو بھی دیوانہ پھر کیسے بنے موسم سہانا
رات کٹے نہ بن تیرے پیا آجا اکیلے ہنسیں لاگے جیا
جھلمل تارے مست ہوا چھیڑے مرلی آکے ذرا
تیرے سنگ گاؤں میں ایسا گانا۔ سن سن کے جس کو ناچے زمانہ

(۵)

تو میرا چاند میں تیری چاندنی۔ میں تیرا راگ تو میری راگنی

نہیں دل کا لگانا کوئی دل لگی۔ کوئی دل لگی
ساتھ ہی جینا ساتھ ہی مرنا الفت کی ہے ریت
پیار کی مرلی پر دم گائے تیری لگن کے گیت
میں ترا راگ تو مری راگنی۔ تو مرا چاند میں تری چاندنی
نہیں دل کا لگانا.........

بھول نہ جانا رُت یہ سہانی یہ دن اور یہ رات
جب تک چمکیں چاند ستارے دیکھ چھٹے نہ ساتھ
تو مرا چاند میں تیری چاندنی میں ترا راگ تو میری راگنی
نہیں دل کا لگانا.......

(۶)

ترا خیال دل سے بھلایا نہ جائیگا الفت کی زندگی کو مٹایا نہ جائیگا
مجبوریوں نے چھین لی مجھ سے اگر زبان
آنسو کہیں گے دل کے اجڑنے کی داستان
آنکھوں سے حال دل کا چھپایا نہ جائے گا۔ الفت کی....
لوٹو نہ دنیا والو میرے دل کی تم خوشی
اچھی نہیں ہے ہائے غریبوں سے دل لگی
یہ گھر اجڑ گیا تو بسایا نہ جائے گا۔ الفت کی....

(۷)

اس دُنیا میں اے دل والو۔ دل کا لگانا کھیل نہیں

الفت کرنا کھیل ہے لیکن کرکے نبھانا کھیل نہیں
جب سے ہوئے ہیں دور وہ ہم سے ڈھونڈھ رہی ہیں آنکھ نظر
ہائے رے او بیدرد زمانے یہ بھی کہیں ہے تجھ کو خبر
آگ لگی ہے دلمیں کچھ ایسی جس کا بجھانا کھیل نہیں
دکھ سہنے دئے کے دشمن بھول سکیں گے انکو نہ ہم
اور بڑھے گی ان کی محبت جتنے بھی ہوں گے ظلم و ستم
کہدے یہ کوئی زمانے والوں سے ہم کو مٹانا کھیل نہیں

(۸)

چار دن کی چاندنی تھی پھر اندھیری رات ہے
ہم ادھر ہیں وہ ادھر ہیں بے کسی کا ساتھ ہے
کیا خبر تھی ان کا دامن ہاتھ سے چھٹ جائے گا
غم کے ہاتھوں زندگی کا کارواں لٹ جائیگا
دل لگا کر غم اٹھائیں کیا انوکھی بات ہے
مٹ رہی ہے میری دنیا اور میں دیکھا کروں
ہائے یہ مشکل کے دن کیسے گزاروں کیا کروں
دل کے مالک لاج میری اب تمہارے ہاتھ ہے

(۹)

نرالا محبت کا دستور دیکھا وفا کرنیوالوں کو مجبور دیکھا
محبت کے ماروں کی حالت نہ پوچھو جدائی کے صدموں سے دل چور دیکھا

نہیں جانے کسی دل سے کیا ہم پہ گزری
تجھے اپنی دنیا سے جب دور دیکھا

(۱۰)

ترے کوچے میں ارمانوں کی دنیا لیکے آیا ہوں
خوشی جاں دینے کی تمنا لیکے آیا ہوں
ملا تھا دل سے جب دل یاد کر او بھولنے والے
ابھی تیرے زمانے کا سہارا لیکے آیا ہوں
جگر میں درد دل میں ٹیس اور آنکھوں میں دو آنسو
ذرا تو دیکھ لے آ کر میں کیا کیا لیکے آیا ہوں
وہ افسانہ محبت کا کبھی جو تو نے چھیڑا تھا
وہی افسانہ ہونٹوں پہ ادھورا لیکے آیا ہوں

(۱۱)

ظالم زمانہ مجھ کو تم سے چھڑا رہا ہے - انجام زندگی کا نزدیک آ رہا ہے
بیتے دنوں کے نغمے دل آج گا رہا ہے
دنیا میں اپنی جیسے کوئی بلا رہا ہے
تجھ کو قسم ہے آ کر صورت ذرا دکھا جا
دیوانہ دیکھ تیرا دنیا سے جا رہا ہے
بربادیوں کا اپنی شکوہ نہیں کسی سے
میرا نصیب مجھ کو یہ دن دکھا رہا ہے

ختم شد

سینما سنگیت

جس کے اندر بولتی فلموں میں گائے ہوئے ۵۰ سے بھی زائد وہ دلکش گانے درج ہیں جنھیں تقریباً ۲۵ بہترین فلموں میں سے چنا ہے جن کو اشوک کمار۔ سوبیتا دیوی دیویکا رانی کانن بالا ماسٹر دینا ناتھ۔ پہاڑی سانیال بھگوتی اور ایسے ہی بہت سے مشہور ایکٹروں اور ایکٹرسیوں نے گایا ہے جن کو ایک بار پڑھنے اور سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے اور اپنے آپ کو بھول جاتا ہے ہارمونیم پر گانے سے تو ان گانوں کا لطف کی کوئی حد ہی نہیں رہتی۔ اگر آپ کو فلمی گانوں کے پڑھنے اور سننے کا ذرا بھی شوق ہے تو آج ہی ہماری اس نایاب کتاب کو منگا کر دیکھئے ہمارا دعویٰ ہے کہ آپ یقیناً اس کتاب کو دیکھ کر تڑپ جاویں گے۔

قیمت بعد محصول ڈاک صرف ۸؍

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی